نبی ﷺ ہر رمضان میں دس دن کا اعتکاف فرماتے تھے، اور جس سال آپ ﷺ کی وفات ہوئی اس سال آپ ﷺ نے بیس دن کا اعتکاف کیا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ "نبی ﷺ ہر رمضان میں دس دن اعتکاف فرماتے تھے اور جس سال آپ ﷺ کی وفات ہوئی اس سال آپ ﷺ بیس دن کا اعتکاف کیا"

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ ہر رمضان میں دس دن کے لیے مسجد میں اللہ کی عبادت کے لیے گوشہ نشین ہوا کرتے تھے پہلے آپ ﷺ شبِ قدر کو پانے کی امید میں درمیانی عشرے میں اعتکاف پر بیٹھا کرتے تھے پھر جب آپ ﷺ کو علم ہوا کہ شب قدر رمضان کے آخری عشرے میں ہے تو آپ ﷺ اس میں معتکف ہوا کرتے تھے اور جس سال آپ ﷺ کی وفات ہوئی اس سال آپ ﷺ نے اللہ کی اطاعت و خوشنودی میں اضافے کی غرض سے بیس دن کا اعتکاف کیا

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/2754

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY